
**BISE _______________** **Class 8th (MSSE)**

## MODEL PAPER URDU

**Section A: Multiple Choice Questions**
**Marks: 40 Time: 60 Minutes**

| Roll No | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |




اوپر دی گئی مثال میں سوال نمبر 2 کا درست جواب C ہے۔ اس کے لئے جوابی پرچے میں سوال نمبر 2 کے سامنے C کا دائرہ سیاہ رنگ میں بھرا ہوا ہے۔

### ہدایات

1. ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ جوابات کے لئے دیے گئے علیحدہ جوابی پرچے پر متعلقہ دائرے میں سیاہ رنگ بھریں۔ سوالیہ پرچے پر جوابات کے نشان نہ لگائیں۔
2. جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔
3. سوالیہ پرچے پر سوال نمبر مثلاً 1, 2, 3, 4, 5... اور اس کے صحیح جواب مثلاً A, B, C, D کو نوٹ کریں اور اس کے بعد جوابی پرچے پر اسی سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب کا دائرہ بھریں۔

**Q.1** 'ڈرامہ دیکھا گیا۔' کا معروف جملہ ہے:

A. حاشر نے ڈرامہ دیکھا۔
B. حاشر ڈرامہ دیکھے گا۔
C. حاشر ڈرامہ دیکھتا ہے۔
D. حاشر ڈرامہ دیکھ رہا ہوگا۔

**Q.2** تجنیس معنوی (ذو معنی) والے جملے کی نشاندہی کیجیے۔

A. آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔
B. چلتے چلتے شام ہوگئی۔
C. مچھلیوں کے دام کے دام زیادہ ہیں۔
D. روز بروز گرمی بڑھ رہی ہے۔

**Q.3** درج ذیل جملے میں ضرب المثل کا درست استعمال ہے:
کسان نے جیسے ہی فصل کاٹنی شروع کی تو بارش شروع ہو گئی گویا۔۔۔۔

A. نو دو گیارہ ہو گیا۔
B. مصیبت سر پر آگئی۔
C. سر میں درد شروع ہو گیا۔
D. سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔

**Q.4** ردیف کے حوالے سے لفظ 'ناصر' کی درست ترتیب ہے:

A. ناصر، مدد، رحم، دو
B. ناصر، دو، مدد، رحم
C. ناصر، رحم، مدد، دو
D. ناصر، مدد، دو، رحم

**Q.5** تجنیس معنوی (ذو معنی) والے جملے کی نشاندہی کیجیے۔

A. دس تاریخ کو تاریخ کا پرچہ تھا۔
B. وہ پڑھ پڑھ کر سو گیا۔
C. اسلم خوشی خوشی سکول گیا۔
D. عرض گزار با ادب ہو کر عرض کرے۔

**Q.6** قواعد کی رو سے درست 'محاورہ' کی نشاندہی کیجیے۔

A. لٹیروں نے سبز باغ دکھا کر مسافر کو لوٹ لیا۔
B. بارش کی وجہ سے باغ سبز ہو گیا۔
C. میں نے دوستوں کو اپنا سبز باغ دکھایا۔
D. مالی نے سبز باغ دکھا کر بچوں کو خوش کر دیا۔

**Q.7** لفظ 'فرسودہ' کا مترادف ہے:

A. پُرانا
B. پَرایا
C. بُرا
D. ہلکا

**Q.8** علامت 'چو' سے سابقے کی درست فہرست ہے:

A. چور، چکار
B. چاچو، چوکیدار
C. چوکی، چمچ
D. چوپایہ، چوپال

**Q.9** درج ذیل میں سے 'مقولہ' کی نشاندہی کریں۔

A. سجدوں میں پڑے رہنے سے جنّت نہیں ملتی۔
B. خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔
C. چور چوری سے جاتا ہے ہیرا پھیری سے نہیں جاتا۔
D. اونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی۔

**Q.10** قواعد کی رو سے درست 'محاورے' کی نشاندہی کیجیے۔

A. آنکھیں سجانا
B. آنکھیں بچھانا
C. آنکھیں ہٹانا
D. آنکھیں نیچے کرنا

**Q.11** درج ذیل میں سے محاورے کی نشاندہی کیجیے۔

A. اسلم اپنے والدین کی آنکھوں کا تارا ہے۔
B. آسمان پر ستارے چمک رہے ہیں۔
C. آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔
D. ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں۔

**Q.12** قواعد کی رو سے 'روز مرہ' کی نشاندہی کیجیے۔

A. تین پانچ کرنا۔
B. نو دو گیارہ ہونا۔
C. ہمت مرداں مدد خدا۔
D. میرے پیٹ میں درد ہے۔

**Q.13** درج ذیل میں سے محاورے کی نشاندہی کیجیے۔

A. گھر کی مرغی دال برابر۔

B. نیکی کر دریا میں ڈال۔

C. نماز راہِ نجات ہے۔

D. ٹکا سا جواب دینا۔

**Q.14** علامت 'پسند' سے لاحقہ کی درست فہرست ہے:

A. پسندیدہ، ترقی پسند۔

B. حقیقت پسند، ترقی پسند

C. خود پسند، پسندیدہ

D. دل پسند، پسندیدگی

**Q.15** لفظ 'شب' کا مترادف ہے:

A. صبح

B. دوپہر

C. سہ پہر

D. رات

**Q.16** 'میچ دیکھا جا رہا ہے۔' کا معروف جملہ ہے:

A. حرا میچ دیکھتی ہے۔

B. حرا نے میچ دیکھا۔

C. حرا میچ دیکھے گی۔

D. حرا میچ دیکھ رہی ہے۔

**Q.17** ردیف کے حوالے سے لفظ 'پھول' کی درست ترتیب ہے:

A. پھول، یہاں، لانا، ابھی

B. پھول، لانا، ابھی، یہاں

C. پھول، ابھی، لانا، یہاں

D. پھول، یہاں، ابھی، لانا

**Q.18** درج ذیل میں سے ضرب المثل کی نشاندہی کیجیے۔

A. جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔

B. بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے۔

C. آسمان پر بادل گرج رہے ہیں۔

D. زمانہ تیزی سے بدل رہا ہے۔

**Q.19** قواعد کی رو سے درست 'روزمرہ' کی نشاندہی کیجیے۔

A. وہ میری آنکھوں کا تارا ہے۔

B. اس نے رات آنکھوں میں کاٹی۔

C. وہ آنکھیں نکال کر مجھے دیکھ رہا تھا۔

D. اس کی آنکھیں خوبصورت ہیں۔

**Q.20** درج ذیل میں سے 'مقولہ' کی نشاندہی کریں۔

A. قاری کی خوبصورت قرأت نے پانی میں آگ لگا دی۔

B. علم ایک ایسی دولت ہے جو خرچ کرنے سے کم نہیں ہوتی ۔

C. میں چلتے چلتے دور نکل گیا۔

D. جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے درست جوابات کا انتخاب کیجیے۔

پاکستان کے بارے میں چند لفظوں میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ" جب برصغیر میں پہلا شخص مسلمان ہوا اُس روز پاکستان وجود میں آگیا تھا اور جب تک اُس سرزمین پر ایک مسلمان موجود ہے پاکستان قائم رہے گا۔ "نظریہ پاکستان اور مملکتِ پاکستان دو مختلف مگر مربوط حقیقتیں ہیں، جو لوگ ان میں فرق نہیں کرتے وہ ایک حادثے کے بعد یہ کہنے لگے ہیں کہ ایک خطۂ زمین کے نکل جانے سے یہ نظریہ بھی ختم ہو گیا ہے۔ یہ لوگ قائداعظم کے نظریئے کو نہیں سمجھتے۔ نظریئے کی جگہ دل میں ہے اور مملکت کی نقشے پر سرحدیں مختلف ادوار میں گھٹتی بڑھتی رہتی ہیں۔ مگر یہ نقشہ تو ایک بنیاد ہے جو ہمیشہ کیلئے بھری جا چکی ہے۔ اس پر آنے والے لوگ حسبِ توفیق عمارتیں بناتے رہیں گے کبھی چھوٹی، کبھی بڑی اور کبھی بہت بڑی۔

**Q.21** درج بالا عبارت کے مطابق پاکستان اُسی روز معرضِ وجود میں آگیا تھا۔ جب۔

A. قائدِاعظم نے نظریہ پاکستان پیش کیا۔

B. قائدِاعظم مسلم لیگ میں شامل ہوئے۔

C. برصغیر میں پہلا شخص مسلمان ہوا۔

D. مغل حکمران برصغیر میں آئے۔

**Q.22** درج بالا عبارت میں خطۂ زمین سے کیا مراد ہے؟

A. زمین کی زرخیزی

B. زمین کی معدنیات

C. زمین کی پیمائش

D. زمین کا ٹکڑا

**Q.23** درج بالا عبارت میں کس حادثہ (سانحہ) کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

A. مشرقی پاکستان کی علیحدگی

B. قائدِاعظم کی وفات

C. سرحدوں کا گھٹنا

D. برصغیر کی تقسیم

**Q.24** درج بالا عبارت کے مطابق مملکت کی جگہ کہاں ہے؟

A. دل میں

B. نقشے پر

C. آسمانوں میں

D. کتابوں میں

**Q.25** درج بالا عبارت میں لفظ 'مربوط' کا کیا مطلب ہے؟

A. جامع

B. اصل

C. درست

D. جڑی ہوئی

**Q.26** درج بالا عبارت کا اہم پیغام کیا ہے؟

A. نظریہ پاکستان ایک حقیقت ہے۔

B. قیام پاکستان محض ایک حادثہ تھا۔

C. قیام پاکستان کے بعد نظریہ پاکستان کی حقیقت ختم ہو گئی۔

D. برصغیر میں پہلے شخص کے مسلمان ہونے پر پاکستان وجود میں آیا۔

**Q.27** درج بالا عبارت کا مناسب عنوان کیا ہو سکتا ہے؟

A. قیام پاکستان

B. دو قومی نظریہ

C. نظریۂ پاکستان

D. ہندو مسلم اتحاد

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات میں سے درست جوابات کا انتخاب کیجئے۔

اسلم کے پاس دو بیل تھے ایک کا نام ہیرا تھا اور دوسرے کا موتی، دونوں ساہیوال نسل کے تھے۔ دیکھنے میں خوبصورت، کام میں چوکس، ڈیل ڈول میں اونچے بہت عرصے سے ساتھ رہتے دونوں میں محبت سی ہو گئی تھی۔ دونوں آمنے سامنے یا ایک دوسرے کے پاس بیٹھے خاموشی کی زبان میں ایک دوسرے سے بات چیت کرتے تھے۔ وہ ایک دوسرے کے دل کی بات کیوں کر سمجھ جاتے تھے یہ ہم نہیں کہہ سکتے۔ دونوں ایک دوسرے کو چاٹ کر اور سونگھ کر اپنی محبت کا اظہار کرتے تھے، کبھی دونوں سینگ ملا لیا کرتے تھے۔ عناد سے نہیں محض زندہ دلی سے، محض ہنسی مذاق سے جیسے یار دوستوں میں کبھی کبھی دھول دھپا ہو جاتا ہے۔ اس کے بغیر دوستی کچھ پھیکی اور ہلکی سی رہتی ہے۔ جس پر زیادہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ جس وقت یہ دونوں بیل ہل یا بیل گاڑی میں جوتے جاتے اور گردنیں ہلا ہلا کر چلتے تو ہر ایک کی یہی کوشش ہوتی تھی کہ زیادہ بوجھ میری ہی گردن پر رہے۔ کام کے بعد دوپہر یا شام کو کھلتے تو ایک دوسرے کو چاٹ کر اپنی تھکان اتار لیتے۔

**Q.28** درج بالا عبارت کے مطابق بیل بات چیت کرتے تھے۔

A. اونچی آواز سے۔

B. دھیمی آواز سے۔

C. خاموشی سے۔

D. سختی سے۔

**Q.29** درج بالا عبارت کے مطابق ہل چلاتے وقت بیلوں کی کوشش ہوتی تھی کہ:

A. زیادہ بوجھ دوسرے کی گردن پر ڈالے۔

B. زیادہ بوجھ اپنی گردن پر ڈالے۔

C. پیار سے بوجھ اٹھائے۔

D. دھکے سے بوجھ پھینکے۔

**Q.30** درج بالا عبارت کے مطابق بیل تھکاوٹ دور کرتے تھے۔

A. سارا دن سو کر۔

B. ایک دوسرے کو دیکھ کر۔

C. ایک دوسرے کو چاٹ کر۔

D. ایک دوسرے سے سینگ ملا کر۔

**Q.31** درج بالا عبارت کے مطابق بیل گاڑی کس کام آتی ہے؟

A. بچوں کو جھولانے کے لیے۔

B. بچوں کو سکول چھوڑنے کے لیے۔

C. بیلوں کو تندرست رکھنے کے لیے۔

D. پیداوار کو بازار تک لے جانے کے لیے۔

**Q.32** درج بالا عبارت میں لفظ 'ڈیل ڈول' کے کیا معنی ہیں؟

A. شان و شوکت

B. رہن سہن

C. طاقت ور جسم

D. چال چلن

E.

**Q.33** درج بالا عبارت سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

A. اچھی دوستی کرنی چاہیے۔

B. پیار محبت سے رہنا چاہیے۔

C. کام چوری سے بچنا چاہیے۔

D. ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے۔

**Q.34** دی گئی عبارت کا مناسب عنوان ہو سکتا ہے:

A. دو بیل

B. بیل گاڑی

C. اسلم کے بیل

D. بیل کی عقل

درج ذیل نظم پارے کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے انتخابات میں سے درست جوابات کا انتخاب کیجیے۔

بڑا بزرگ ہے یہ، آزمودہ کار ہے یہ  
کسی مرے ہوئے گورے کی یادگار ہے یہ  
پرانی وضع کا بے حد عجیب جامہ ہے  
پہن چکا اسے 'واسکوڈے گاما' ہے  
جگہ جگہ یہ پھرا مثل 'مارکوپولو'  
یہ کوٹ کوٹوں کا لیڈر ہے اس کی جے بولو  
جو قدردان ہیں، وہ جانتے ہیں قیمت کو  
کہ آفتاب چرالے گیا ہے رنگت کو  
گزشتہ صدیوں کی تاریخ کا ورق ہے یہ کوٹ  
خریدو اس کو کہ عبرت کا ایک سبق ہے یہ کوٹ

**Q.35** درج بالا نظم پارے میں ترکیب 'پرانی وضع' کے معنی ہیں:

A. پرانی چیز

B. پھٹا ہوا کپڑا

C. پرانا لباس

D. پرانی طرز

**Q.36** درج بالا نظم پارے کے مطابق کوٹ کو کس مشہور سیاح نے پہنا ہوا ہے:

A. مارکوپولو

B. ابنِ بطوطہ

C. ابنِ انشاء

D. واسکوڈے گاما

**Q.37** درج بالا نظم پارے کے مطابق سورج سے کس چیز کی رنگت بدلی؟

A. ورق کی

B. کوٹ کی

C. جامہ کی

D. زمین کی

**Q.38** درج بالا نظم پارے میں " گزشتہ صدیوں کی تاریخ کا ورق ہے یہ کوٹ " سے مراد ہے:

A. یہ کوٹ بہت قیمتی ہے۔

B. یہ کوٹ بہت ہی پرانا ہے۔

C. یہ کوٹ کوٹوں کا سردار ہے۔

D. یہ کوٹ بہت خوبصورت ہے۔

**Q.39** درج بالا نظم پارے کا مفہوم ہے:

A. لنڈے کے پرانے کوٹ کی خصوصیات

B. کوٹ بطور بوڑھے گوروں کی یادگار

C. واسکوڈے گاما بطور مہم جو

D. مارکوپولو بطور مہم جو

**Q.40** درج بالا نظم پارے کا مناسب عنوان ہو سکتا ہے:

A. قیمتی کوٹ

B. پرانا کوٹ

C. تاریخی کوٹ

D. خوبصورت کوٹ

**BISE** ____________________ **Class 8th (MSSE)**

**MODEL PAPER URDU**

**Section B: Constructed Response Questions and Extended Response Questions**

| Roll No | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|

**Marks: 60** **Time: 2 Hours**

**ہدایات:**

1. ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے۔
2. جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھیں۔
3. سوال کا جواب دی گئی جگہ پر تحریر کریں۔

سوال نمبر 1. درج ذیل فعل مجہول کے جملوں کو فعل معروف میں تبدیل کیجیے۔ **(کل 2 نمبر)**

(i) احتیاط سے گاڑی چلائی گئی۔ (ii) بڑوں کی عزت کی جائے گی۔

**سوال نمبر 2.** درج ذیل ایک جیسے الفاظ کے دو مختلف معنی ہیں۔ آپ ان کو اس طرح اپنے جملوں میں استعمال کریں کہ دونوں کے معنی واضح ہو جائیں۔ **(کل 2 نمبر)**

(i) قلم: (ii) قلم

**سوال نمبر 3.** درج ذیل محاوروں کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ہر ایک کا مطلب واضح ہو جائے۔ **(کل 2 نمبر)**

(i) آنکھوں کا تارہ ہونا: (ii) بول بالا ہونا:

**سوال نمبر 4.** درج ذیل جملوں کے لئے موزوں ضرب المثل تحریر کیجیے۔ **(کل 2 نمبر)**

(i) اپنی چیز کی اہمیت (قدر) نہیں ہوتی۔ (ii) کسی مصیبت (مشکل) کو خود دعوت دینا۔

**سوال نمبر 5.** 'روزمرہ' کے لحاظ سے جملوں کو درست کر کے لکھیں۔ **(کل 2 نمبر)**

(i) کل مجھے تقریر کرنا ہے۔ (ii) جھوٹ بولنا بُری عادت ہے۔

**سوال نمبر 6.** درج ذیل علامات سے ایک ایک سابقہ تحریر کیجیے۔ **(کل 2 نمبر)**

(i) پاک: (ii) پُر:

**سوال نمبر 7.** درج ذیل الفاظ کو ردیف کے حوالے سے ترتیب دیجیے۔ **(کل 3 نمبر)**

نکا، پاکستان، انار

**سوال نمبر 8.** درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

پرانے زمانے کی بات ہے۔ کسی ندی کے کنارے برگد کا ایک درخت تھا، جس پر ایک فاختہ نے گھونسلہ بنا رکھا تھا۔ اس درخت کے نیچے ایک چیونٹی بھی رہتی تھی۔ ایک دِن چیونٹی ندی کے کنارے کنارے جا رہی تھی کہ اس کا پاؤں پھسل گیا اور وہ ندی میں گر گئی اور پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہنے لگی، قریب تھا کہ ڈوب جاتی خوش قسمتی سے فاختہ درخت پر بیٹھی یہ منظر دیکھ رہی تھی۔ اپنی ہمسائی کو

مصیبت میں دیکھ کر سخت بے چین ہوئی، اسے اور تو کچھ نہ سوجھا، جھٹ درخت کی ٹہنی سے ایک پتا توڑا، اُڑ کر چیونٹی کے قریب پہنچی اور پتا اس کے آگے لاکر رکھ دیا۔ چیونٹی پتے پر بیٹھ گئی پتا آہستہ آہستہ کنارے سے آلگا اور اس طرح چیونٹی صحیح سلامت پانی سے باہر نکل آئی۔ وہ فاختہ کی دل سے شکر گزار تھی۔ جس نے اسے ڈوبنے سے بچا لیا تھا۔

(الف) درج بالا عبارت کا مفہوم دو جملوں میں لکھیں۔

**(کل 2 نمبر)**

(ب) درج بالا عبارت کے مطابق ہمیں اپنے ہمسایوں کے ساتھ کیسے پیش آنا چاہیے؟ دو نکات تحریر کیجیے۔

**(کل 2 نمبر)**

(ج) کسی دو چیزوں کا نام لکھیں جو پانی پر تیرتی ہیں۔

**(کل 2 نمبر)**

(د) درج بالا عبارت کے مطابق ہمسایہ کو مصیبت میں دیکھ کر کون پریشان ہوئی اور ہمسایہ کون تھی؟

**(کل 2 نمبر)**

(ر) درج بالا عبارت کے مطابق اگر فاختہ نہ ہوتی تو چیونٹی کے ساتھ کیا ہوتا؟ دو باتیں تحریر کیجیے۔

**(کل 2 نمبر)**

**سوال نمبر 9.** درج ذیل نظم پارے کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

رکھو صاف گھر کی ہر اک چیز کو  رکھو صاف گھر، گھر کی دہلیز کو
صفائی کی عادت اگر ڈالو گے  تو صحت بہت اچھی تم پالو گے
رکھو صاف اور پاک اپنا لباس  نکھارے گا تم کو تمہارا لباس
رکھو اپنی صحت کا ہر دم خیال  بیماری کہیں تم پہ ڈالے نہ جال
ہمیں یہ بتایا ہے ماں باپ نے  سبق یہ پڑھایا ہے ماں باپ نے

(الف) درج بالا نظم پارے سے کیا سبق ملتا ہے؟ دو جملوں میں تحریر کیجیے۔

**(کل 2 نمبر)**

(ب) درج بالا نظم پارے کے مطابق ماں باپ نے جو باتیں سمجھائی ہیں اُن میں سے دو تحریر کیجیے۔

**(کل 2 نمبر)**

(ج) صفائی کی اہمیت پر دو جملے لکھیں۔

**(کل 2 نمبر)**

(د) انسان پر صفائی کے اثرات کے بارے میں دو جملے تحریر کیجیے۔

**(کل 2 نمبر)**

(ر) بحیثیت طالب علم ہمیں کن کن جگہوں پر صفائی کا خیال رکھنا چاہیے؟

**(کل 2 نمبر)**

**سوال نمبر 10.**

**(کل 15 نمبر)**

آپ کے سکول میں جشن آزادی کے سلسلے میں تقریری مقابلہ منعقد ہوا۔ جس میں آپ نے اول انعام حاصل کیا۔ یوم آزادی کی اس پر وقار تقریب پر ایک مضمون لکھیں، جو کہ 200 سے 250 الفاظ پر مشتمل ہو

سوال نمبر 11.

**(کل 10 نمبر)**

آپ کے سکول کے پاس بسوں کا اڈہ ہے۔ سارا دِن گاڑیوں کے اونچے ہارن اور موسیقی کا شوروغل آپ کی تعلیم پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ آپ بذریعہ خط اس مسئلے کی نشاندہی اپنے ضلعی ناظم کو کیجیے تاکہ وہ اِس مسئلے کا کوئی تدارک کریں۔